# سرکلر عالمی یوم خواتین

# حلقہ خواتین جماعت اسلامی

## 8 مارچ 2025



# نگران ڈیپارٹمنٹس، ناظمات صوبہ وحلقہ جات واضلاع

## موضوع: "جہاں آباد تم سے ہے"

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

رب رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاوں کے ساتھ!

ہر سال مارچ کا مہینہ موسم بہار کی آمد کے ساتھ ساتھ عالمی یوم خواتین کی نوید بھی سناتا ہے۔ بڑے بڑے فورمز پر اور ذرائع ابلاغ کے تمام اداروں کے ذریعے خواتین کے حقوق پر بات ہوتی ہے۔

- تحاریر و تقاریر کے ذریعے خواتین کے حقوق دیئے جانے کے مطالبات دہرائے جاتے ہیں، خواتین کو مردوں کے مقابلے میں برابری، آزادی اور مالی خود مختاری دیئے جانے کے معاملے پر بحث و مباحث کیے جاتے ہیں۔ تاہم کھیتوں کا ایندھن بننے والی، سڑکوں پر روڑا کوٹنے والی، اینٹوں کے بھٹے پر مزدوری کرنے والی اور گھریلو ملازمائیں ان تمام سرگرمیوں سے بے خبر بس دو وقت کی روٹی کی تلاش میں سرگرداں رہتی ہیں۔ آٹھ مارچ کا دن گزر جاتا ہے اور سال کے 364 دن پھر کسی کو عورت کے حقوق یاد نہیں رہتے۔

- حلقہ خواتین جماعت اسلامی وطن عزیز کا وہ منظم گروہ ہے جو خواتین کی فلاح وبہبود کے لئے سرگرمیاں منعقد کرتا اور زندگی کے ہر شعبے میں ماہر خواتین کی مدد سے سیاسی، معاشرتی خدمتی کاموں میں اپنا فعال کردار ادا کرتا ہے۔

- جماعت اسلامی وہ واحد جماعت ہے جس میں جمہوری روایت بڑی مضبوط ہے، ہماری منظم تنظیم ہماری قوت اور ہمارا مخلص کارکن ہمارا اثاثہ ہے۔ یہ خواتین بہ یک وقت اپنے امیر کے تابع اور اپنی تنظیم کو چلانے میں بااختیار ہوتی ہیں ۔ہم اپنے معاشرے میں خواتین کو تعلیم یافتہ اور ترقی کی شاہراہ پر گامزن دیکھنا چاہتی ہیں، اسکے ساتھ ساتھ اپنی دینی وسماجی روایات وتعلیمات کی پاسبانی بھی کرتی ہیں۔

عربی کا مشہور مقولہ ہے

"النسا عماد البلاد"

"عورت تہذیب کی عمارت کا ستون ہے"

- ہم اس ستون کو محفوظ اور مضبوط بنانے کے لئے اور معاشرے میں اس کا فعال کردار دیکھنے کے خواہاں ہیں اس سال بھی حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان نے اپنے مستقل جاری سلسلوں کے ساتھ ساتھ یوم خواتین کے لیے درج ذیل پروگرام ترتیب دیا ہے۔

اس سال عالمی یوم خواتین کا عنوان ہے

# "جہاں آباد تم سے ہے"

- عورت محض ایک ہستی ہی نہیں بلکہ زندگی کا ایک خوبصورت رنگ ہے جس کے بغیر دنیا کی تصویر ادھوری اور پھیکی ہے۔ اس کی محبت، خلوص اور قربانی سے زندگی میں حسن، وفا اور احساس کو معانی ملتے ہیں۔ عورت بیٹی ہو تو رحمت، بہن ہو تو عزت، بیوی ہو تو محبت اور ماں ہو تو جنت کا روپ دھار لیتی ہے۔

- انسان نے اپنی لاعلمی اور جہالت کی وجہ سے اُس کی حیثیت اور مقام و مرتبے کے تعین میں کم ظرفی دکھائی جبکہ محسن نسواں ﷺ نے اُس کی نماز اور خوشبو کے ساتھ پذیرائی کی اور اُسے ایمان، اختیار، آزادی اور اہمیت کی دولت سے مالامال کر دیا۔ اب اُس کی مختلف النوع حیثیتیں جہاں کو آباد کرنے اور معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے میں صرف ہو رہی ہیں

- وہ مکالماتِ فلاطوں نہیں لکھ سکتی مگر اُس کی فکری اور عملی تربیت سے افلاطون تیار ہوتے ہیں۔ وہ اپنی محنت اور محبت سے اپنے گھر کو جنت کا نمونہ بناتی اور ہر شعبہ ہائے زندگی میں اپنی صلاحتوں کا لوہا منواتی ہے۔

- اس سال یوم خواتین رمضان المبارک کے موقع پر آرہا ہے اس لئے دورہ قرآن، شارٹ کورسز اور تمام قرآن کلاسز بھی اس موضوع سے جوڑ دیجئے۔

- قرآن میں عورت کے مطلوب کردار کو اجاگر کریں

- یہ بھی کہ نظام کی تبدیلی میں جماعت اسلامی کی عورت کیسے موثر کردار ادا کر سکتی ہے، جماعت اسلامی کی جدوجہد درحقیقت ہر عورت کی عزت اور تحفظ کی جدوجہد ہے۔

- اس جد و جہد میں عورت کی فلاح و بہود کے ساتھ ساتھ خاندان کی بقا اور استحکام بھی بہت ضروری ہے۔ قرآن کریم میں خاندان کی اہمیت اور اس کے استحکام کو جس طرح زور دے کر بیان کیا گیا ہے، مدرسات اُس پر خصوصی توجہ دیں۔

- حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کے تمام ڈپارٹمنٹس اس اہم موقع پر مجوزہ سرگرمیوں پر عمل درآمد ممکن بنائیں گے۔

# تنظیم:۔

- عالمی یوم خواتین پر تنظیم اس سر کلر کو جاری کرے گا۔
- تنظیم اس امر کو یقینی بنائے گی کہ پورے ملک میں ایک ہی ڈیزائن، ایک ہی سلوگن، ایک ہی دوورقہ اور ایک ہی پلے کارڈ کی عبارت جاری کی جائے تاکہ بھرپور پیغام دیا جاسکے۔
- اضلاع میں اس موقع پر دروس قرآن کے باہر ٹوکن مظاہرے رکھے جائیں تاکہ رمضان المبارک میں مشکل بھی نہ ہو۔

- اس کی ایک ممکن صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ایک ہی دن ایک ہی سلوگن کے ساتھ دورہ قرآن کی شرکا خواتین اپنے دورہ قرآن کے مقام کے باہر کسی مناسب جگہ پر دس منٹ جمع ہو کر مظاہرہ کریں اور میڈیا کوریج کروالیں، یہ کوریج اپنے موبائل سے ہی بنا کر میڈیا سیل کو فوری بھیج دیں

- **حلقہ جات، صوبہ جات و اضلاع:۔**

- ٭ عورت و خاندان کے موضوع پر مدرسات کی تیاری، موضوعات کا تعین کر کے اس سرکلر کے مطابق راہنمائی دی جائے گی۔

- **دعوت و ابلاغ:۔**

- ٭ آج کی تہذیبی اور معاشرتی اقدار کی جنگ، میدانوں کی بجائے میڈیا پر لڑی جارہی ہے۔ جس نظریے کے پاس مضبوط میڈیا ٹیم ہے وہی دنیا میں پھیلتا ہے۔ ضروری ہے کہ

- میڈیا کے لئے بھرپور پلاننگ کی جائے۔

- یوم خواتین یا عشرہ تحفظ نسواں اور خاندان کے حوالے سے جماعتی سرگرمیوں سے متعلق ماہ فروری کے آخر سے تشہیری مہم چلائی جائے۔ اس مقصد کے لیے مختلف ادارہ جات کے چھوٹے چھوٹے تعارفی کلپس، استحکام خاندان کے لیکچرز کے شارٹس اور دیگر عنوانات کے تحت ہونے والی سرگرمیوں کی تشہیر کی جائے۔
- * عورت، قرآن اور خاندان پر مبنی عنوانات کے تحت منتخب تحریکی خواتین کو مختلف ٹاک شوز میں شامل کرایا جائے۔

- * رمضان المبارک، قرآن اور خاندان کے موضوع پر اخبارات میں خصوصی صفحات کی اشاعت و تیاری کی جائے گی نیز فورمز اور انٹرویوز شائع کیئے جائیں گے۔
- * دعوت و ابلاغ ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے پوڈکاسٹ کا اجرا کیا جائے گا۔

- الیکٹرانک میڈیا:۔
- * الیکٹرانک میڈیا پر ٹاک شوز، مارننگ شوز میں تحریکی ذمہ دارن کی شمولیت ممکن بنائی جائے۔ قیمہ کے ساتھ ساتھ دیگر شہروں کے ذمہ داران کی تیاری بھی کروائی جائے گی۔
- * اپنے ٹاک شوز بنا کر چلائے جانے کی کوشش کی جائے گی۔

## • پرنٹ میڈیا:۔

- * مضامین اور انٹرویوز شائع کرائے جائیں گے۔
- اپنے سلوگنز کے ساتھ مہم چلائی جائے گی۔

## • سوشل میڈیا:۔

- * یوتھ کے درمیان پوسٹر سازی کا مقابلہ
- * ویڈیو کلپس کا مقابلہ جس کا عنوان sky is the limit جس میں کامیاب عورتوں کے کردار کو اجاگر کیا جائے گا۔

## • تعلیم ڈپارٹمنٹ:۔

- * جامعہ المحصنات، قرآن انسٹی ٹیوٹ، بیٹھک اسکول دیگر تحریکی تعلیمی ادارے یوم خواتین عورت اور خاندان کے عنوانات پر فورمز پروگرامز منعقد کریں گے۔
- * جامعات میں ویمن سٹڈیز کو قرآن و سنت کی روشنی میں پڑھانے کی منصوبہ بندی کریں گے۔
- * قرآن اور استحکام خاندان کو مستقل موضوع بنائیں گے۔
- * موثر طبقے کی خواتین (کالجز کی پرنسپلز، اساتذہ، دیگر موثر خواتین) پر مشتمل ڈسکشن فورمز منعقد کیے جائیں۔ "استحکام خاندان میں ادارہ جات کا کردار" کے عنوان سے مستقل پروگرام جاری کیا جائے گا۔

- تحقیق و تجزیہ:۔

- * عورت اور خاندان کے حوالے سے تمام ڈیپارٹمنٹس کی اب تک ہونے والی سرگرمیوں کو حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی ایک دستاویز شکل دی جائے۔

## • ویمن اینڈ فیملی کمیشن:۔

- * تمام ڈیپارٹمنٹس کے تعاون سے خواتین کے عالمی دن کے لیے خصوصی پروگرام بنائے جائیں گے
- *CSW اور IMWU کے تحت منعقدہ سرگرمیوں میں بیرون ملک روابط اور اندرون ملک شامل رہیں گے
- * موثر فورمز اخبارات ورسائل کی مدد سے رکھے جائیں گے۔
- *CSW 69th کے سیشن کے لیے درج ذیل راہنمائی دی جارہی ہے۔ تنظیم بھی اس عنوان کو اچھی طرح ذہن نشین کرلے تاکہ ہم متبادل پروگرام تیار کرسکیں۔ اس سلسلے میں کمیشن کے تیار کردہ کتابچے (CSW مشاہدات و تاثرات، بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن کا جائزہ) سے مدد لے سکتے ہیں۔

**The 69th session of the Commission on the Status of Women (CSW) will take place from March 10 to 21, 2025, at the United Nations Headquarters in New York. This session marks the 30th anniversary of the Beijing Declaration and Platform for Action, adopted in 1995. The main focus will be on reviewing and assessing the implementation of the Beijing Declaration and the outcomes of the 23rd special session of the General Assembly. It will also address current challenges affecting gender equality and the empowerment of women, contributing to the 2030 Agenda for Sustainable Development**

The main goals of the 69th session of the Commission on the Status of Women (CSW) include:

**Review and Appraisal**: Assess the implementation of the Beijing Declaration and Platform for Action, marking its 30th anniversary, and the outcomes of the 23rd special session of the General Assembly

**Challenges Assessment**: Identify current challenges affecting gender equality and women's empowerment, contributing to the 2030 Agenda for Sustainable Development

**Agreed Conclusions**: Negotiate and adopt agreed conclusions by all member states to set global standards and stimulate public policy for promoting gender equality and women's rights

**نوٹ:** ٭ مطلوبہ تحریری مواد کمیشن کے کتابچوں سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔
(قافلہ رواں ہے، خواتین کا عالمی دن)

- عالمی یوم خواتین ہماری تنظیم نو کے بعد عزم نو کے ساتھ اس طرح سے منائیں گے کہ ہم پاکستانی عورت کی آواز بن سکیں۔
- لوگ پالیسی بنانے سے پہلے ہماری رائے کو اہمیت دیں۔ ہم اپنے معاشرے کی مظلوم و مجبور عورت کے لیے پناہ گاہ بن سکیں۔ ہم پاکستان میں عورت کو یہ یقین دہانی کرا سکیں کہ جماعت اسلامی ہماری پارٹی ہی نہیں محبت اور حفاظت سے بھرپور خاندان ہے۔ جس میں ہم اپنے عزیز رشتوں کے جلو میں ترقی کی منازل طے کرتی ہیں۔ آئیے ہمارا ساتھ دیں۔ ہمارے دست و بازو بنیں کہ "جہاں آباد تم سے ہے"

والسلام

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن

حلقہ خواتین جماعت اسلامی